مولانا محمد اسلام حقانی
رکن موتمر المصنفین

تعارف وتبصرہ کتب

● **الجز اللطیف فی الاستدلال بالحدیث الضعیف** افادات: مولانا مفتی رضا الحق صاحب

مرتب: مولانا محمد الیاس شیخ صاحب ضخامت: ۲۶۰ صفحات ناشر: زمزم پبلشرز کراچی 021-32729089

عصر جدید میں مختلف فتن رونما ہو چکے ہیں الحاد، مغربیت، استشراق اور انکار حدیث ایک سے ایک بڑھ کر خطرناک ہے اور سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کرنے کا ہر وسیلہ بروئے کار لایا جا رہا ہے منکرین حدیث تو مکمل احادیث کا انکار کر بیٹھے ہیں اب ایک نیا فتنہ رونما ہوا ہے جو ضعیف حدیث کی حجیت کا انکار کر رہے ہیں حالانکہ حدیث ضعیف کی بھی مختلف درجات ہیں اس حوالہ سے مولانا محمد الیاس شیخ نے مولانا مفتی رضاء الحق صاحب کی افادات الجز اللطیف فی الاستدلال بالحدیث الضعیف کے نام سے مرتب کرکے اس اہم موضوع پر سیر حاصل روشنی ڈالی ہے، ان تمام شکوک وشبہات کے تسلی بخش جوابات دے کرامت کی رہنمائی کا فریضہ بخوبی انجام دیا ہے اور لوگوں کو صراط مستقیم دکھانے کی کوشش کی گی ہے، طلبہ حدیث کے لئے ایک انمول تحفہ اور قیمتی سوغات ہے۔

● **ذکر اجتماعی وجہری شریعت کے آئینہ میں** افادات: مولانا مفتی رضا الحق صاحب

تشریح وتعلیق: مولانا مفتی محمد الیاس صاحب ضخامت: ۲۸۲ صفحات ناشر: زمزم پبلشرز کراچی 021-32729089

اکابر علمائے دیوبند نے قران وسنت اور سلف صالحین کے تعلیمات کی روشنی میں ذکر اللہ جہری و سری، اجتماعی اور انفرادی کی تلقین کی ہے تاہم بعض مواقع پر ذکر جہری واجتماعی کی ممانعت بھی وارد ہے، اس اہم موضوع پر لاتعداد کتابیں لکھی گئی ہیں اس سلسلہ کی ایک کڑی زیر تبصرہ کتاب ''ذکر اجتماعی وجہری شریعت کے آئینہ میں'' بھی ہے جس میں مفتی رضاء الحق صاحب نے اس مسئلہ کی تنقیح فرمادی ہے اور کتاب وسنت علمائے سلف اور تعامل امت کی روشنی میں مدلل ومبرہن اور سیر حاصل بحث کی ہے اور مفتی الیاس صاحب نے مفتی رضاء الحق صاحب کی افادات کو احسن انداز مین مرتب کرکے اس پر قیمتی تعلیقات کا اضافہ بھی کیا ہے جو اپنے موضوع پر بہترین کاوش ہے۔

● **کلام اقبال موضوعاتی ترتیب** مؤلف: ابن غوری ضخامت: ۴۴۵ صفحات

شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کو یہ شرف حاصل ہے کہ اس کے اشعار عوام وخواص بلکہ ہر طبقہ میں